# رنجن مدوگالے پہلی مرتبہ ایچ بی ایل پی ایس ایل میں ذمہ داریاں نبھائیں گے

- ایونٹ کی آن لائن ٹکٹ کرکٹ ڈاٹ بک می ڈاٹ پی کے اورایم اینڈپی اسٹورز سے خریدی جاسکتی ہیں
- ایونٹ کادرست نام "ایچ بی ایل پی ایس ایل" ہے۔ تمام میڈیاہاؤسز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے نیوز بلیٹنز، ہیڈلائنزاور تحریروں میں ایونٹ کادرست اور مکمل نام استعمال کریں

**کراچی،18 جنوری2022ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈنے ایچ بی ایل پاکستان سپرلیگ 7 کے 30 لیگ میچز کے لیے امپائراور میچ ریفری پینل کااعلان کردیاہے۔انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے چیف میچ ریفری رنجن مدوگالے پہلی مرتبہ ایچ بی ایل پاکستان سپرلیگ میں ریفری کی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔

لیگ کاساتواں ایڈیشن 27 جنوری سے نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں شروع ہوگا۔ایونٹ کافائنل 27 فروری کوقذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔

سری لنکاکی طرف سے 21 ٹیسٹ اور63ون ڈے انٹرنیشنل میچز کھیلنے والے سابق کرکٹررنجن مدوگالے 125ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز میں میچ ریفری کی ذمہ داریاں نبھاچکے ہیں۔1993 سے آئی سی سی کے ایلیٹ پینل برائے میچ ریفری کاحصہ رہنے والے رنجن مدوگالے اب تک 201ٹیسٹ اور370ون ڈے انٹرنیشنل میچز میں بھی میچ ریفری کی حیثیت سے کام کرچکے ہیں۔

انہوں نے دوسال قبل بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کے دورہ پاکستان میں بھی میچ ریفری کی ذمہ داریاں اداکرچکے ہیں۔وہ30مارچ کولاہور

قلندرز بمقابلہ کراچی کنگز میں پہلی مرتبہ پلیئنگ کنٹرول ٹیم کی سربراہی کریں گے۔ رچرڈ ایلنگ ورتھ اور مائیکل گف اس میچ میں آن فیلڈ امپائرنگ کی ذمہ داریاں ادا کریں گے۔ ان کے علاوہ فیصل آفریدی تھرڈ امپائر اور عمران جاوید کو فورتھ امپائر مقرر کیا گیا ہے۔

رنجن مدوگالے کے علاوہ روشن ماہنامہ اس مرتبہ بھی ایچ بی ایل پی ایس ایل میں ریفری کی ذمہ داریاں ادا کریں گے۔

وہ 27 جنوری سے شروع ہونے والے ایونٹ کے افتتاحی میچ کے علاوہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 میں کُل 7 میچز میں ریفری کے فرائض انجام دیں گے۔ ایونٹ کے افتتاحی میچ میں علیم ڈار اور رچرڈ ایلنگ ورتھ آن فیلڈ امپائرز کی ذمہ داریاں ادا کریں گے۔ احسن رضا تھرڈ امپائر اور عمران جاوید فورتھ امپائر ہوں گے۔

ان دونوں کے علاوہ پی سی بی کے ایلیٹ پینل میں شامل میچ ریفریز علی نقوی، افتخار احمد اور محمد جاوید ملک بھی لیگ میں ذمہ داریاں ادا کریں گے۔ جبکہ علیم ڈار، مائیکل گف، رچرڈ ایلنگ ورتھ، احسن رضا، آصف یعقوب، فیصل آفریدی، امتیاز اقبال، عمران جاوید، ناصر حسین، راشد ریاض، شوزب رضا اور ولید یعقوب ٹورنامنٹ میں امپائرنگ کے فرائض انجام دیں گے۔

فائنل سمیت پلے آف میچز کے لیے میچ آفیشلز کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

– ENDS –


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**س
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4